لاہور میں دھماکہ میں متعدد افراد کے جاں بحق وزخمی ہونے پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔10اپریل2008

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے لاہور میں مصری شاہ مارکیٹ میں دھماکہ میں متعدد افراد کے جاں بحق وزخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے سانحہ میں ہلاک شدگان کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کا ایک ایک کارکن آپ کے غم میں برابر کا شریک ہے۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ہلاک شدہ گان کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔ انہوں نے سانحہ میں زخمیوں کیلئے بھی صحتیابی کیلئے دعا کی۔

طاہر پلازہ سٹی کورٹ کے سانحہ میں جاں بحق ہونے والوں میں ایم کیوایم کے کارکن کے بھائی باسط محمود مرحوم کا جنازہ نائن زیرو سے اٹھایا گیا

جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں اجتماعی فاتحہ خوانی کی گئی، مرحوم کو جنت البقیع قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا

ایم کیوایم کے ہمدرد داور حسین کو وادی حسین کے قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا

کراچی۔۔۔10، اپریل2008ء

گزشتہ روز کراچی میں سٹی کورٹ طاہر پلازہ میں لگائی جانے والی آگ میں جھلس کر جاں بحق ہونے والوں میں ایم کیوایم قصبہ علی گڑھ سیکٹر کے کارکن ضیاء محمود کے بڑے بھائی باسط محمود بھی شامل ہیں۔ باسط محمود مرحوم کو آج جنت البقیع کے قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔ مرحوم کی نماز جنازہ اورنگی ٹاؤن کی مقامی مسجد میں ادا کی گئی۔ مرحوم کا جسد خاکی ایم کیوایم کے پرچم میں لپٹا ہوا تھا۔ نماز جنازہ کے بعد باسط محمود مرحوم کا جسد خاکی جناح گراؤنڈ عزیز آباد لایا گیا جہاں مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے اجتماع دعا کی گئی۔ اس موقع پر انتہائی رقت آمیز مناظر دیکھنے میں مرحوم کے عزیز واقارب شدت غم سے نڈھال تھے جنہیں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی، منتخب اراکین اسمبلی اور ذمہ داران نے دلاسہ دیا۔ اجتماعی دعا میں رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم، جوائنٹ انچارج عبدالحسیب، اراکین رابطہ کمیٹی سینیٹر بابر غوری، شعیب بخاری ایڈوکیٹ، ڈاکٹر نصرت، ڈاکٹر عاصم، شاہد لطیف، اشفاق منگی، حق پرست اراکین اسمبلی، ٹاؤن ناظمین، یوسی ناظمین، کونسلر، ایم کیوایم کراچی کی مختلف سیکٹرز کمیٹیوں کے اراکین، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحوم کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ دریں اثناء طاہر پلازا آتشزدگی کے نتیجے میں جاں بحق ہونے والے ایم کیوایم شاہ فیصل کالونی سیکٹر کے ہمدرد داور حسین کو وادی حسین کے قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔ مرحوم کی نماز جنازہ رضویہ امام بارگاہ ناظم آباد گلبہار میں ادا کی گئی۔ نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن ڈاکٹر عاصم رضاء، اراکین سندھ اسمبلی نشاط محمد ضیاء، ریحان ظفر، مزمل قریشی، ڈاکٹر محمد علی شاہ، حق پرست ٹاؤن ناظم اسامہ قادری، ناظم آباد گلبہار سیکٹر کمیٹی کے اراکین، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان اور ہمدردوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔

گھارو کے قریب ٹریفک حادثہ میں متعدد افراد کے جاں بحق وزخمی ہونے پر متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔10اپریل2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے گھارو کے قریب ٹریفک حادثہ کے نتیجہ میں متعدد افراد کے جاں بحق وزخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے حادثہ میں جاں بحق ہونے والوں کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ ملک میں ٹریفک حادثہ کی روک تھام کیلئے ٹھوس اور مثبت اقدامات کرے تاکہ قیمتی انسانی جانوں کا تحفظ کیا جاسکے۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ہلاک شدگان کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل کا حوصلہ دے۔ آمین رابطہ کمیٹی نے زخمیوں کیلئے جلد صحتیابی کیلئے بھی دعا کی ہے۔

ایم کیو ایم کے ہمدرد باسط محمود اور داور حسین سٹی کورٹ طاہر پلازہ آتشزدگی کے واقعہ میں جھلس کر ہلاک ہونے والوں میں شامل ہیں

رابطہ کمیٹی کا باسط محمود اور داور حسین کے جاں بحق ہونے پر سوگواران سے اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔10، اپریل 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ قصبہ علی گڑھ سیکٹر یونٹ 125 کے کارکن ضیاء کے بڑے بھائی باسط محمود اور ایم کیو ایم شاہ فیصل کالونی سیکٹر یونٹ 107 کے ہمدرد داور حسین سٹی کورٹ طاہر پلازہ آتشزدگی کے افسوسناک واقعہ میں جھلس کر ہلاک ہونے والوں میں شامل ہیں۔ تفصیلات کے مطابق باسط محمود سٹی کورٹ میں شیورٹی کے کاغذات لینے کی غرض سے جبکہ داور حسین اپنے فیملی کے مسئلے کے سلسلے میں سٹی کورٹ گئے تھے جہاں شرپسند عناصر کی جانب سے طاہر پلازہ کو نذر آتش کئے جانے کے واقعہ میں وہ جھلس کر جاں بحق ہوگئے۔ باسط محمود مرحوم کی عمر 34 سال تھی اور ان کے سوگواران میں بیوہ سمیت 3 بھائی، 4 بہنیں اور والدین شامل ہیں جبکہ داور حسین مرحوم کی عمر 32 سال تھی۔ دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کراچی میں ہنگامہ آرائی کے دوران باسط محمود اور ایم کیو ایم کے ہمدرد داور حسین کی ہلاکتوں پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے (آمین)

سانحہ طاہر پلازہ سٹی کورٹ میں جھلس کر جاں بحق ہونے والوں میں ایم کیو ایم کے ایک اور ہمدرد سعید اختر عرف دانش کو سپرد خاک کر دیا گیا مرحوم کی نماز جنازہ جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں ادا کی گئی

رابطہ کمیٹی، اراکین اسمبلی، ٹاؤن ناظمین، کارکنان کی بڑی تعداد میں شرکت

کراچی۔۔۔10، اپریل 2008ء

بدھ کے روز سٹی کورٹ کراچی میں سانحہ طاہر پلازہ میں جھلس کر جاں بحق ہونے والوں میں ایم کیو ایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 124 کے ہمدرد سعید اختر ولد اختر حسین بھی شامل ہیں۔ مرحوم کی نما جنازہ ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو سے متصل جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں ادا کی گئی اور مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے اجتماعی دعا کی گئی۔ بعدازاں مرحوم کو بعد نماز عشاء جنت البقیع کے قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ قبل ازیں سعید اختر سعید مرحوم کا جسد خاکی جب نائن زیرو جناح گراؤنڈ پہنچا تو اس موقع پر انتہائی رقت آمیز مناظر دیکھنے میں شہید کے عزیز واقارب شدت غم سے نڈھال تھے جنہیں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی، منتخب اراکین اسمبلی اور ذمہ داران نے دلاسہ دیا۔ مرحوم کا جسد خاکی ایم کیو ایم کے پرچم میں لپٹا ہوا تھا۔ سعید اختر دانش مرحوم کی نماز جنازہ اور تدفین میں رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم، جوائنٹ انچارج عبدالحسیب، اراکین رابطہ کمیٹی، شعیب بخاری ایڈوکیٹ، ڈاکٹر نصرت، ڈاکٹر عاصم، اشفاق منگی حق پرست اراکین صوبائی اسمبلی، ٹاؤن ناظمین، یوسی ناظمین، کونسلر، ایم کیو ایم کراچی کی مختلف سیکٹرز کمیٹیوں کے اراکین، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحوم کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

مسلح دہشت گردوں نے فائرنگ کر کے ایم کیوایم شاہ فیصل کالونی سیکٹر کے کارکن عامر خان کے بھائی عبدالسمیع کوشہید کردیا

شہر میں ہنگامہ آرائی، پرامن حالات کوخراب کرنے کی سازشوں سمیت عبدالسمیع کے بہیمانہ قتل کا سختی سے نوٹس لیا جائے، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔10، اپریل2008ء

نامعلوم مسلح دہشت گردوں نے متحدہ قومی موومنٹ شاہ فیصل کالونی سیکٹر یونٹ A-103 کے کارکن محمد عامر خان کے بھائی عبدالسمیع کوفائرنگ کرکے شہید کردیا۔ عبدالسمیع شہید کومسلح دہشت گردوں نے بوستان رفیع جامع ملیہ کے علاقے میں بیدردی کے ساتھ گولیوں کانشانہ بناکرقتل کیا گیا۔ عبدالسمیع شہید کی عمر22 سال تھی اوروہ غیرشادی شدہ تھےان کے سوگواران میں 3 بہنیں، 3 بھائی اوروالدین شامل ہیں۔ دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے مسلح دہشت گردوں کے ہاتھوں عبدالسمیع شہید کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہےاوراس بہیمانہ قتل کوشہر کاامن وامان خراب کرنے کی گھناؤنی سازش کا حصہ قرار دیا ہے۔ رابطہ کمیٹی نے عبدالسمیع شہید کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کااظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اوردعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کواپنی جواررحمت میں اعلیٰ مقام عطافرمائے۔ رابطہ کمیٹی نے صدر جنرل پرویز مشرف اوروزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ کراچی میں سازش کے تحت ہنگامہ آرائی اور پرامن حالات خراب کرنے کی مذموم سازشوں سمیت ایم کیوایم کے کارکن محمد عامر خان کے بھائی عبدالسمیع کے بہیمانہ قتل کاسختی سے نوٹس لیا جائے اوراس میں ملوث عناصر کوگرفتار کرکے قرارواقعی سزادی جائے۔

☆☆☆☆☆